# کینٹونمنٹ بورڈ حیدرآباد

فون نمبر: 022-9200105
فیکس نمبر: 022-9200102

مورخہ 25 اپریل، 2025

## عیدالاضحیٰ پر قربانی کے جانوروں کے لیے منڈی مویشیاں کا نیلام عام

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کینٹونمنٹ بورڈ حیدرآباد کینٹ وفاقی حکومت کے نوٹیفکیشن S.R.O1302(1)/2005 مورخہ 28 دسمبر 2005 کے تحت اپنی حدود میں درج ذیل مقامات پر مویشی منڈی کا ٹھیکہ مورخہ 2025-05-21 تا عیدالاضحیٰ کے تیسرے دن تک کے لیے نیلام عام مورخہ 13 مئی، 2025 بوقت 1200 hrs بجے دن دفتر ہذا میں منعقد کر رہا ہے مذکورہ تاریخ کو اگر ناگزیر وجوہات کی بناء پر نیلام نہ ہوسکا تو دوبارہ نیلام عام مورخہ 14 مئی، 2025 بوقت 1200 hrs بجے دن، اور سہ بارہ نیلام عام مورخہ 15 مئی، 2025 بوقت 1200 hrs بجے دن منعقد ہوگا خواہشمند حضرات مذکورہ نیلام عام میں شرکت فرما کر موقع سے فائدہ اٹھائیں۔

۱۔ فٹ بال گراؤنڈ واقع عالمگیر روڈ نزد کینٹ قبرستان حیدرآباد کینٹ۔

۲۔ خالی جگہ تقریباً (۹) نو ایکڑ شیرون (PSO) فلنگ اسٹیشن کے عقب بالمقابل سٹیزن پلازہ جامشورو روڈ حیدرآباد کینٹ۔

### نیلامی کی شرائط و ضوابط

1- تمام خواہشمند حضرات کو بولی میں حصہ لینے کے لیئے مبلغ -/Rs.40,00,000 (چالیس لاکھ روپے) بطور زرِ ضمانت (قابلِ واپسی) کال ڈیپازٹ بنام کینٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر حیدرآباد چھاؤنی بمعہ اپنے قومی شناختی کارڈ کی کاپی اور انکم ٹیکس سرٹیفکیٹ جمع کروا کر بولی میں حصہ لینے کے اہل ہونگے زر بیعانہ بطور سیکورٹی جمع رہے گا اور کامیاب اور دوسرے نمبر پر آنے والے بولی دہندہ کے علاوہ تمام بولی دہندگان کو بولی کے اختتام پر واپس کردئے جائیں گے۔

2- ریٹ برائے وصولی فیس مندرجہ ذیل ہوں گے۔

(I)۔۔۔۔۔اونٹ، بیل، گائے (-/Rs.3000)

(II)۔۔۔۔بکرا/دنبہ وغیرہ (-/Rs.1000)

3- بولی دہندہ بذات خود یا اپنے قانونی مختار کی وساطت سے بولی میں حصہ لے سکتے ہیں اگر کوئی بولی دہندہ دوسرے کی جگہ بولی میں حصہ لینا چاہتا ہے تو اس کا اتھارٹی لیٹر اور قومی شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی جمع کرانا ہوگی۔

4- کامیاب بولی دہندہ کو بولی کے اختتام پر کل بولی کا چوتھائی (1/4) حصہ نقد رقم (سیکورٹی ڈپازٹ کے علاوہ) موقع پر ہی جمع کرانا ہوگا۔ بصورت دیگر جمع شدہ رقم بحق کینٹونمنٹ بورڈ ضبط تصور ہوگی۔

5- ٹھیکہ دار کو ٹھیکے کی منظوری کے تین یوم کے اندر اندر نان جوڈیشل اسٹام پیپر پر تحری معاہدہ کرنا ہوگا۔

6- کامیاب بولی دہندہ کو ٹھیکہ کی بقایا رقم ٹھیکہ شروع ہونے سے قبل جمع کروانا ہوگی۔

7- ٹھیکہ دار بجلی، گیس، پانی وغیرہ کا خرچہ خود برداشت کریگا۔

8- کامیاب بولی دہندہ کل رقم پر ایڈوانس انکم ٹیکس 10% فائلر کے لئے اور 20% نان فائلر کے لئے FBR مروجہ قانون کے مطابق جمع کرائے گا۔

9- مویشی منڈی میں سیکیورٹی کی ذمہ داری ٹھیکیدار کی ہوگی اور کینٹ بورڈ کسی بھی قسم کے نقصان کا ذمہ دار نہ ہوگا۔

10- مویشی منڈی میں پارکنگ فیس کی وصولی متعلقہ ٹھیکیدار کی ہوگی۔

11- کامیاب بولی دہندہ نیلامی کی جگہ کو صاف ستھرا رکھنے کا پابند ہوگا۔ جانوروں کے لیے خوراک، پانی اور سایہ کا بندوبست ٹھیدار کے ذمے ہوگا۔

12- متعلقہ ٹھیکدار کسی بھی طرح ٹریفک میں خلل پیدا ہونے نہیں دے گا اور اگر ٹریفک کی روانی متاثر ہوئی تو اسکی ذمہ داری کامیاب بولی دہندہ کی ہوگی۔

13- کوئی بھی ایسا شخص ادارہ یا فرم جو کسی بھی شکل میں کینٹونمنٹ بورڈ کا نادہندہ ہوگا۔ نیلامی میں حصہ لینے کا مجاز نہیں ہوگا۔

14- نیلامی کا نوٹس و شرائط و ضوابط پیپرا PPRA کی ویب سائٹ www.ppra.org.pk پر بھی موجود ہے۔

15- کینٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر / کینٹونمنٹ بورڈ کا یہ حق محفوظ ہے کہ وجہ بتا کے کوئی یا تمام بولیاں قبول یا مسترد کردے دیگر شرائط و ضوابط کینٹونمنٹ بورڈ حیدرآباد ریونیو برانچ سے دوران دفتری اوقات کار میں حاصل کی جاسکتی ہیں۔

المشتہر

کینٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر
حیدرآباد چھاؤنی

CamScanner